
گیلپ & گیلانی پاکستان  رائے عامہ سروے 19 ستمبر 2025

# بچوں پر تشدد یا مارپیٹ کرنے کے خلاف قومی اتفاقِ رائے سامنے آئی ہے: پاکستانیوں کی بھاری اکثریت (82%) بچوں کی تربیت کے لیے اُن پرَ تشدد کرنے یا جسمانی سزا دینے کی مخالفت کرتی ہے، جبکہ صرف 17% پاکستانی اس کی حمایت کرتے ہیں۔






آپ کے خیال میں بچوں کی اصلاح کے لیے تشدد کرنا یا بچوں کو پڑھائی کے دوران مارنا جائز ہے یا نا جائز ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## سماجی رویے

بچوں کی پرورش اور اُن کا نظم وضبط

## بچوں پر تشدد یا مار پیٹ کرنے کے خلاف قومی اتفاقِ رائے سامنے آئی ہے: پاکستانیوں کی بھاری اکثریت (82%) بچوں کی تربیت کے لیے اُن پر تشدد کرنے یا جسمانی سزا دینے کی مخالفت کرتی ہے، جبکہ صرف 17% پاکستانی اس کی حمایت کرتے ہیں۔

**(گیلپ & گیلانی سروے)**


(اسلام آباد، 19 ستمبر 2025)

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی بھاری اکثریت (82%) بچوں کی تربیت کے لیے اُن پر تشدد کرنے یا جسمانی سزا دینے کی مخالفت کرتی ہے، جبکہ صرف 17% پاکستانی اس کی حمایت کرتے ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" آپ کے خیال میں بچوں کی اصلاح کے لیے تشدد کرنا یا بچوں کو پڑھانے کے دوران مارنا جائز ہے یا ناجائز ؟"**۔اس سوال کے جواب میں ، 82% جوابدہندگان کے مطابق بچوں کی اصلاح کے لیے تشدد کرنا یا پڑھائی کے دوران مار پیٹ کرنا "ناجائز" ہے۔ جبکہ، صرف 17% پاکستانی اسے "جائز" سمجھتے ہیں،اور 1% پاکستانیوں کو اس حوالے سے معلوم نہیں تھا یا اُنھوں نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

سروے کے نتائج جسمانی سزا کے خلاف ایک مضبوط قومی اتفاقِ رائے کی نشاندہی کرتے ہیں اور یہ بھی ظاہر کرتے ہیں کہ بچوں کی پرورش اور تعلیم وتربیت کے حوالے سے رویوں میں ایک نمایاں ثقافتی تبدیلی آئی ہے۔مزید برآں، یہ نتائج بچوں کی فلاح و بہبود اور نشوونما پر تشدد کے منفی اثرات کے بارے میں بڑھتی ہوئی عوامی آگاہی کو بھی اجاگر کرتے ہیں۔

**" آپ کے خیال میں بچوں کی اصلاح کے لیے تشدد کرنا یا بچوں کو پڑھائی کے دوران مارنا جائز ہے یا ناجائز ؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی وشہری آبادی کی 1060 خواتین اور مرد حضرات سے 02 اگست تا 21 اگست 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 19th September 2025**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:** Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as **Gallup Pakistan** (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by **Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2025

celebrating
45
years
of Gallup Pakistan
(1980-2025)